106597-حج اور عید کی قربانی کیلیے جانور کی کتنی عمر ضروری ہے؟

سوال

کیا ہدی [حج کی قربانی] کیلیے کسی عمر کا تعین ہے کہ اس سے چھوٹی عمر کا جانور ذبح کرنا جائز نہ ہو؟ اور اللہ تعالی کے اس فرمان کا کیا مطلب ہے : {فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ}[البقرة : 196]

پسندیدہ جواب

"شرعی دلائل اس بات پر موجود ہیں کہ بھیڑ کا چھ ماہ کا بچہ، اور ایک سالہ بکری، دو سالہ گائے، اور پانچ سالہ اونٹ سے کم عمر جانور ہدی [حج کی قربانی] یا عید کی قربانی میں کفایت نہیں کرے گا، مذکورہ قرآنی آیت میں یسسر قربانی سے یہی مراد ہے؛ کیونکہ کتاب وسنت کے دلائل ایک دوسرے کی وضاحت کرتے ہیں۔

اللہ تعالی توفیق دینے والا ہے، درود وسلام ہوں ہمارے نبی محمد، آپ کی آل، اور صحابہ کرام پر" ختم شد

دائمی کمیٹی برائے علمی تحقیقات وفتاوی

شیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز، شیخ عبد الرزاق عفیفی، شیخ عبد اللہ بن غدیان، شیخ عبد اللہ بن قعود"

"فتاوى اللجنة الدائمة" (11/376)